اعلیٰ حضرت مجددِ دین وملت امامِ اہلسنّت شاہ مولانا احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے اِرشادات کا مجموعہ

مُسَمّٰی بنامِ تاریخی

اَلمَلفُوظ (مکمل 4 حصے)

۱۳۳۸ھ

معروف بہ

ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

﴿مع تخریج وتسہیل﴾

مؤلّف:

شہزادۂ اعلیٰحضرت تاجدارِ اہلسنّت مفتیٔ اعظم ہند

حضرتِ علامہ مولانا محمد مصطفٰی رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن

پیش کش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

ناشِر

مکتبۃ المدینہ بابُ المدینہ کراچی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّ حِیۡم ط

نام کتاب: **الملفوظ**

پیش کش: مجلس اَلْمَدِ یْنَۃُ الْعِلْمِیّۃ

سِنِ طَباعت: 12 جُمادَی الاُخریٰ 1430ھ، بمطابق 5 جون 2009ء

قیمت:

ناشر: **مکتبۃ المدینہ** فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)

E.mail:ilmia26@dawateislami.net

E.mail.maktaba@dawateislami.net

Ph:4921389-90-91 Ext:1268

توکُّل کی تعریف

اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلسنّت، مولیٰنا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن فرماتے ہیں: توکُّل ترکِ اسباب کا نام نہیں بلکہ اعتماد علی الاسباب کا ترک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ٢٤ ص٣٧٩) **یعنی** اسباب ہی کی چھوڑ کر دنیا توکُّل نہیں ہے توکُّل تو یہ ہے کہ اسباب پر بھروسہ نہ کرے۔

نماز میں بلغم آجائے تو کیا کرے؟

عرض: اگر نماز میں بلغم آجائے تو کیا کرے؟

ارشاد: دامن یا آنچل میں لیکر مَل دے۔

کافِر سائِل پر ترس کھانا

عرض: حضور ہر سائل پر رحم کھانا چاہیے خواہ وہ کافر ہی کیوں نہ ہو کہ قرآنِ عظیم میں

وَاَمَّا السَّآىٕلَ فَلَا تَنْهَرْؕ (پ ۳۰، الضحی: ۱۰) ترجمۂ کنز الایمان: اور منگتا کو نہ جھڑکو۔

فرمایا ہے۔

ارشاد: پھر سائل بھی تو ہو! بَحرُ الرَّائِق وغیرہ میں تصریح ہے کہ کافر حربی (یعنی وہ کافر جو نہ تو حکومتِ اسلامیہ کو ٹیکس دیتا ہو اور نہ ہی کسی معاہدے کے تحت وہاں رہ رہا ہو) پر کچھ تَصَدُّق (یعنی صدقہ) کرنا اصلاً (یعنی ہرگز) جائز نہیں۔

(البحر الرائق شرح کنز الدقائق، کتاب الزکاة، باب المصرف، ج ۲، ص ٤٢٤)

فرمایا، یہ بھی ارشاد ہے

اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ (پ ۱۵، بنی اسرآءیل: ۷۸) نماز پڑھو۔

تو کیا اِس سے یہ مطلب ہے خواہ وضو ہو یا نہ ہو۔ شرط بھی تو موجود ہونا چاہیے نہ کہ مطلق۔ فقہائے کرام (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم) فرماتے ہیں: ''اگر آدمی کے پاس ایک پیاس کا پانی ہو اور جنگل میں ایک کتا اور ایک کافر شدتِ تشنگی (یعنی پیاس کی شدت) سے جان بلب (یعنی مرنے کے قریب) ہو تو کتے کو پلا دے اور کافر کو نہ دے۔''

محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم باعثِ نجات ہے

حدیث شریف میں ہے: ''قیامت کے دن ایک شخص حساب کے لئے بارگاہِ ربُّ العزت (عَزَّوَجَلَّ) میں لایا جائے گا۔ اُس سے سوال ہوگا: ''کیا لایا؟'' وہ کہے گا: ''میں نے اتنی نمازیں پڑھیں علاوہ فرض کے اتنے روزے رکھے، علاوہ ماہِ رمضان کے اس قدر خیرات کی، علاوہ زکوٰۃ کے اور اس قدر حج کئے علاوہ حج فرض کے وغیــــــــر ذلك۔'' اِرشادِ باری

(عَزَّوَجَلَّ) ہوگا:

هَلْ وَالَيْتَ لِيْ وَلِيًّا وَعَادَيْتَ لِيْ عَدُوًّا — کبھی میرے محبوں سے محبت اور میرے دشمنوں سے عداوت بھی رکھی؟

(تفسیر الدر المنثور، سورۃ المجادلۃ تحت الآیۃ ۱۹، ج۸، ص۸۷)

تو عمر بھر کی عبادت ایک طرف اور خدا (عَزَّوَجَلَّ) اور رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) کی **محبت ایک طرف**۔ اگر محبت نہیں سب عبادات وریاضات بیکار۔

دشمنانِ رسول سے نفرت کیجئے

بھڑ کے کاٹنے سے ایک ذراسی آپ کو تکلیف ہوتی ہے۔ اگر کہیں اسے زمین پر پڑا دیکھیں کہ اس کا ایک پاؤں یاپَر بیکار ہوگیا ہے اور اس میں طاقتِ پرواز نہیں ہے تو اس پر رحم کیا جاتا ہے کہ پَیر سے مَسل دیتے ہیں تو خدا اور رسول عزَّ جلالہٗ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کریں اور اُن سے دشمنی وعداوت رکھیں وہ **قابلِ رحم** ہیں؟ عوام کی یہ حالت ہے کہ ذرا کسی کو ننگا محتاج دیکھا سمجھے کہ قابلِ رحم ہے، خواہ خدا اور رسول (عَزَّوَجَلَّ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم) کا دشمن ہی کیوں نہ ہو۔ حضرت سیدی عبدالعزیز دبّاغ قدّس سرہٗ فرماتے ہیں کہ ذراسی اِعانت (یعنی مدد) کافر کی کرنا حتی کہ اگر وہ راستہ پوچھے اور کوئی مسلمان بتادے اتنی بات **اللہ** تعالیٰ سے اس کا عِلاقۂ مقبولیت قطع (یعنی **اللہ** تبارک وتعالیٰ سے بندے کی مقبولیت کا تعلق ختم) کردیتی ہے۔ (الابریز، البـــاب الاول، ج۱، ص ۴۵۲) ہاں ذمی[1]، مستأمن[2] کافروں کے لئے شرع میں رعایت کے **خاص اَحکام** ہیں، یہ اس لئے کہ اِسلام اپنے ذمہ کا پورا ہے اور اپنے عہد کا سچا۔

دریا کے پار اترنے والا

عـرض : حضور یہ واقعہ کس کتاب میں ہے کہ حضرتِ سیِّدُ الطائفہ (یعنی گروہِ اولیاء کے سردار) **جنید بغدادی** رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے "**یااللہ**" فرمایا، اور دریا میں اُتر گئے، پورا واقعہ یاد نہیں۔

---

[1]: اگر کافروں نے دینِ حق کو قبول نہ کیا تو بادشاہ اسلام ان پر جزیہ مقرر کردے کہ وہ ادا کرتے رہیں اور ایسے کافر کو ذمی کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، حصہ۹، ص۱۳۴)

[2]: مستامن وہ شخص ہے جو دوسرے ملک میں امان لیکر گیا۔ دوسرے ملک سے مراد وہ ملک ہے جس میں غیر قوم کی سلطنت ہو یعنی حربی دارالاسلام میں یا مسلمان دارالکفر میں امان لیکر گیا تو مستامن ہے۔ (بہار شریعت، حصہ۹، ص۱۵۰)